# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ
(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

کورس: مطالعہ یہودیت (4957) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ) کریڈٹ: 3

## خط برائے طلبہ

عزیز طلبہ! **السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:**

**امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔ آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جا رہے ہیں۔ آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیے۔**

☆ یونی ورسٹی کی نئی پالیسی کے مطابق امتحانی مشق کمپوز کر کے جمع کروانا ضروری ہے، اس سلسلے میں درج ذیل امور کا خیال رکھیے:

1. مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیجیے۔
2. جوابات تحریر کرنے سے قبل کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کیجیے۔
3. جوابات تحریر کرنے کے لیے صرف درسی کتاب پر اکتفا نہ کیجیے بلکہ کتاب میں مذکور امدادی کتب اور دیگر مستند اور مفید کتب سے بھی ضرور استفادہ کیجیے۔
4. جواب اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا (تحقیقی انداز میں) حوالہ حاشیے میں دیجیے۔ اگر کسی مآخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیجیے۔
5. امتحانی مشق کی کمپوزنگ میں اردو کے لئے اردو رسم الخط کا فونٹ منتخب کیجیے۔
6. عربی عبارات کے لئے عربی فونٹ استعمال کیجئے۔
7. امتحانی مشق کے ہر صفحہ پر اپنا نام، رول نمبر اور رجسٹریشن نمبر لازمی درج کیجیے۔
8. جواب لکھنے کے بعد نظر ثانی کیجیے۔ قرآنی آیات، احادیث نبویہ اور املاء کی غلطیاں ناقابل قبول ہیں۔
9. امتحانی مشق مکمل کرنے کے بعد مکمل مشق کو پی ڈی ایف (PDF فارمیٹ جو کہ 5MB سے زیادہ نہ ہو) میں منتقل کر کے ایل ایم ایس (LMS) اکاؤنٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بر وقت ارسال کیجیے۔ (امتحانی مشق الگ سے ڈاک میں بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے)۔

☆ کسی معاملے میں کوئی مشکل در پیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہِ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کر لیجیے۔

☆ کورس کے حوالے سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ کیجیے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجیے۔ محبت اور دعاؤں کے ساتھ۔

والسلام
ڈاکٹر حافظ محمد فاروق عبد اللہ
کورس رابطہ کار

# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:**

**1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

**2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔**

**کورس: مطالعہ یہودیت (4957)** **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)** **کریڈٹ: 3**

## امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ نمبر 1-4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ حضرت ابراہیمؑ کے سامی ادیان میں مقام و مرتبے پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ حضرت موسیٰؑ کی ولادت، حیات، شرف نبوت اور فرعون سے مکالمے پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ بنی اسرائیل کی فلسطین کی طرف ہجرت / خروج اور فرعون کی غرقابی کے واقعات کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ یہودی ربی موسیٰ بن میمون کے تیرہ اساسی اصولوں پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ یہودیت میں یوم السبت کی اہمیت اور تفصیل بیان کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100 | **(یونٹ نمبر5-9)** | کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ تورات کی حیثیت سے متعلق قرآن مجید کا نقطہ نظر بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ راہبوں پر مبنی یہودی گروہ "اسینی" کی تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ بین الاقوامی صیہونی تنظیم "فری میسن" پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ مصریوں پر آنے والے پانچ عذاب کون سے تھے اور قرآن مجید کی روشنی میں ان کی منظر کشی کیسے کی گئی ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ ارض فلسطین کا مختصر تاریخی پس منظر بیان کریں۔ (20)